وزیر اعظم نے مالدیپ کی آزادی کی 60ویں سالگرہ تقریبات میں مہمان ذی وقار کے طور پر شرکت کی [جولائی 26، 2025)

جولائی 26، 2025

مالے کے جاری اپنے دورے کے دوران، وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج مالدیپ کی آزادی کی 60ویں سالگرہ کی تقریبات میں "مہمانِ ذی وقار" کے طور پر شرکت کی. یہ پہلا موقع ہے کہ کسی بھارتی وزیر اعظم نے مالدیپ کی یوم آزادی کی تقریبات میں شرکت کی ہے۔ وزیر اعظم مودی ملک یا حکومتی سربراہ کی سطح پر پہلے ایسے غیر ملکی قائد بھی بن گئے ہیں جن کی میزبانی صدر معیزو نے کی ہے.

2. وزیر اعظم نے مالدیپ کے صدر عزت مآب ڈاکٹر محمد معیزو کے ہمراہ ریپبلک اسکوائر پر یوم آزادی کی پریڈ ملاحظہ کیا. اس موقع پر وزیراعظم نے مالدیپ کے عوام اور حکومت کو تہہ دل سے مبارکباد دی. تقریبات میں مالدیپ کی قومی دفاعی افواج اور دیگر مقامی اکائیوں کی جانب سے ایک شاندار پریڈ کی نمائش کی گئی، اس کے ساتھ ثقافتی پرفارمنس کا ایک سلسلہ بھی پیش کیا گیا جو ایک جدید قوم کے طور پر مالدیپ کی کامیابیوں پر مبنی تھا.

3. وزیر اعظم نے صدر معیزو اور مالدیپ کے عوام کا، ان کی شاندار دعوت پر شکریہ ادا کیا. یوم آزادی کی تقریبات میں مہمان ذی وقار کے طور پر ان کی شرکت دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات کے لیے سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے. سال 2025 ہندوستان اور مالدیپ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے60 برسوں کو بھی اجاگر کرتا ہے.

مالے
جولائی 26، 2025